Translation

THE PROTECTION OF HOUSES FROM FLOODS OF MOOSI RIVER ACT.

No. II of 1318 F.

Sections.

Preamble.

1. Short title, commencement and extent.
2. Definition of word 'House.'
3. Power of Government to make rules.
4. Penalty for contravention of rules.

قانون تحفظ مکانات از طغیانی دریائے موسیٰ

نشان ۲ سنہ ۱۳۱۸ ف

دفعہ

۰ تمہید۔
۱ مختصر نام۔ تاریخ نفاذ و وسعت مقامی
۲ تعریف لفظ مکان
۳ سرکار عالی کو قواعد مرتب کرنیکا اختیار
۴ قواعد کی خلاف ورزی کی سزا۔

Translation

THE PROTECTION OF HOUSES FROM FLOODS OF MOOSI RIVER ACT.

No. II of 1318 F.

(Received the assent of the Madarul moham on 12th Farwardi. 1318 F.)

WHEREAS it is expedient that houses in the vicinity of the river Moosi are neither constructed nor repaired in a manner as to render them liable to danger from future floods; It is hereby enacted as follows:— Preamble.

1. This Act may be called the Protection of houses from floods of Moosi River Act and it shall come into force in the City and outskirts of the City from the *date of its publication in the Jarida. Short title, commencement and extent.

*Published in the Jarida dated 21st Farwardi 1318 Fasli.

قانون

تحفظ مکانات از طغیانی رود موسیٰ

نشان (۲) ۱۳۱۸ف

(مدار المہام سرکار عالی نے بتاریخ ۱۲ فروردی ۱۳۱۸ف منظور فرمایا)

تمہید۔ ہرگاہ قرین مصلحت ہے کہ رود موسیٰ کے قرب وجوار میں مکانات اس طرح نہ تعمیر یا ترمیم کئے جاسکیں کہ آئندہ طغیانی سے اُن کو خطرہ ہو۔ لہذا حسب ذیل حکم ہوتا ہے:۔

مختصر نام۔ تاریخ نفاذ و وسعت مقامی۔ دفعہ ۱۔ یہ قانون بنام "قانون تحفظ مکانات از طغیانی رود موسیٰ" موسوم ہو سکے گا۔ اور تاریخ اشاعت جریدہ سے بلدہ اور بیرون بلدہ میں نافذ ہوگا۔

۵۔ جریدہ علامیہ مورخہ ۲۱ فروردی ۱۳۱۸ف میں شائع ہوا

(Translation)

2. The word 'house' includes every construction used either for dwelling or for trade.

Definition of word 'House'.

وفعہ ۲۔ لفظ "مکان" میں ہر تعمیر داخل ہے خواہ وہ بود و باش کے لئے کام میں لائی جائے یا تجارت کے لئے۔

تعریف لفظ مکان۔

3. The †[Government] may, by notification, make rules in regards to the following matters :—

Power of †[Government] to make rules.

وفعہ ۳۔ [سرکار عالی][۵] کو اختیار ہوگا کہ بذریعہ اشتہار مفصلۂ ذیل امور کے متعلق قواعد مرتب فرمائیں :۔

[سرکار عالی] کو قواعد مرتب کرنیکا اختیار۔

(*a*) determining the limits within which houses shall not be constructed or repaired;

(الف)۔ ان حدود کا تعین جن میں مکانات کی تعمیر یا ترمیم قطعاً نہ کی جاسکے گی۔

(*b*) determining the limits within which permission may be accorded for constructing and repairing houses according to a particular design or subject to special conditions;

(ب)۔ اُن حدود کا تعین جن میں خاص نمونہ کے مطابق یا خاص شرائط کی پابندی سے مکانات کی تعمیر و ترمیم کی اجازت دی جاسکے گی۔

(*c*) determining the limits within which permission shall not be accorded for any construction until its plan has been, within such period as shall be fixed in the rules, proposed or approved by

(ج)۔ ان حدود کا تعین جن میں کسی تعمیر کی اجازت نہ دی جاسکے گی جب تک اس کا نقشہ ایسے عہدہ دار نے ایسی مدت کے اندر جو قواعد میں مقرر کی جائے گی تجویز یا

†Amended by Act No. III of 1308 F.

۵ ترمیم بموجب قانون نشان ۳ سنہ ۱۳۰۸ ف

such officer as may be appointed by the *[Government] for this purpose;

پسند کیا ہو جسے [سرکار عالی] اس غرض کے لئے مقرر فرمائیں۔

(*d*) the fees for proposing the plan and the mode of payment thereof.

(د) ۔ تجویز نقشہ کی فیس اور اس کے ادا کرنے کا طریقہ۔

4. Whoever contravenes the rules made under Section 3 shall be liable to fine which may extend to fifty rupees and the construction effected without permission shall be demolished.

Penalty for contravention of rules.

قواعد کی خلاف ورزی کی سزا۔ | دفعہ ۴۔ کوئی شخص جو ان قواعد کی خلاف ورزی کرے جو حسب دفعہ ۳ نافذ کئے گئے ہوں سزائے جرمانہ کا مستوجب ہوگا جس کی تعداد پچاس روپیہ تک ہو سکے گی اور جو تعمیر بلا اجازت کی گئی ہو وہ منہدم کر دی جائے گی۔

*Amended by Act No. III of 1308 Fasli.

ترمیم بموجب قانون نشان ۳ سنہ ۱۳۰۸ف

Translation

THE SUITS VALUATION (FOR PURPOSE OF JURISDICTION)

ACT NO. IV OF 1318 F.

Sections.

Preamble.

1. Short title, commencement and local extent.
2. Valuation of suits prescribed by the Court Fees Act shall be deemed to be valuation under this Act.
3. Court in which suits incapable of valuation shall be heard.
4. High Court may make rules for purpose of valuation.
5. Suits which shall be heard in District Court.
6. Procedure where objection that the valuation was not correctly made is taken in appeal or revision.
7. Rules not to affect proceedings instituted prior to enfocement thereof.

قانون تعین مالیت نالشات بغرض اختیار سماعت

نشان ۴ سنہ ۱۳۱۸ ف

دفعہ

تمہید۔

۱ مختصر نام و تاریخ نفاذ و وسعت مقامی۔

۲ نالشات کی مالیت مقررہ قانون رسوم عدالت حسب قانون ہذا مالیت متصور ہوگی۔

۳ نالشات ناقابل تعین مالیت کس عدالت میں سموع ہوں گی۔

۴ مجلس عالیہ عدالت بغرض تعین مالیت قواعد بنا سکتی ہے۔

۵ نالشات جو عدالت ضلع میں سموع ہوں گی۔

۶ کارروائی جب اس امر کے متعلق عذر کہ مالیت کا تعین صحیح نہیں کیا گیا ہے عدالت مرافعہ یا نگرانی میں پیش کیا جائے۔

۷ قواعد اُن کارروائیوں پر موثر نہ ہوں گے جو اُن کے نفاذ کے قبل رجوع ہو چکے ہوں۔